http://www.dailymashriq.com.pk

اللہ ہی کیلئے ہیں مشرق و مغرب ۔ القرآن

DAILY MASHRIQ PESHAWAR

روزنامہ مشرق پشاور

عہد نو کے بانی سید تاج میر شاہ

مسلسل اشاعت کے 59 سال

پشاور اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

ABC CERTIFIED

جلد 59 | بدھ 10 ذی الحجہ 1447ھ 27 مئی 2026ء 13 جیٹھ قیمت 30 روپے | شمارہ 145

روزنامہ مشرق مورخہ 27/5/2026

از دفتر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بڈھ بیر پشاور

# اشتہار نیلامی ٹھیکہ جات

## برائے مالی سال 27-2026 بذریعہ E-AUCTION پہلی بار

تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بڈھ بیر صوبائی حکومت / لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا کی نئی پالیسی / شرائط و ضوابط موصول شدہ بذریعہ نوٹیفیکیشن نمبر AOII/LCB/6/11/2026 مورخہ 07/05/2026 کے تحت اپنے درجہ ذیل ٹھیکہ جات برائے مالی سال 27-2026 از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 بذریعہ آن لائن بولی (E-Auction) نیلام کرنا چاہتی ہے۔ دلچسپی رکھنے والے خواہشمند حضرات / فرمز جو کہ سال 2026/27 کے لیے لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا سے متعلقہ کلاس میں باقاعدہ رجسٹرڈ ہوں، اپنی بولی آفر لوکل کونسل بورڈ کی ای آکشن ویب سائٹ (https://cfmis.lgkp.gov.pk/auction/bidder/login/) پر دے سکتے ہیں۔ آن لائن بولی تین دن یعنی بروز پیر صبح 9:00 بجے سے لیکر بروز بدھ سہ پہر 04:00 بجے تک مندرجہ ذیل شیڈول کے مطابق ہوگی۔

شیڈول نیلامی

| نمبر شمار | نام ٹھیکہ | زر بیعانہ | میعاد ٹھیکہ | نیلامی کی تاریخ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | کنزروینسی کول فیس | -/350,000 روپے | از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 | 22 تا 24 جون 2026 |
| 2 | پارکنگ سٹینڈ فیس تتی | -/32,000 روپے | ایضاً | ایضاً |
| 3 | ایڈورٹائزمنٹ / سائن بورڈ فیس | -/200,000 روپے | ایضاً | ایضاً |

### شرائط و ضوابط:۔

1- یہ کہ نیلامی میں وہ حضرات / فرمز حصہ لے سکتے ہیں جنہوں نے لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا کے ساتھ سال 27-2026 کے لیے متعلقہ کلاس میں باقاعدہ رجسٹریشن کی ہو اور مقرر شدہ زر بیعانہ بشکل کال ڈیپازٹ بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، بڈھ بیر پشاور آن لائن بولی دینے سے دو دن قبل لوکل کونسل بورڈ کی ویب سائٹ پر اس کی تفصیل درج کریگا۔ ویب سائٹ پر دی گئی کال ڈیپازٹ سے متعلق تفصیلات غلط یا جعلی ہونے کی صورت میں بولی دہندہ کو بلیک لسٹ کیا جائیگا۔ آن لائن بولی کا ٹائم ختم ہونے کے بعد کامیاب بولی دہندہ 24 گھنٹوں کے اندر اندر مذکورہ کال ڈیپازٹ ہمراہ تصدیق شدہ نقل قومی شناختی کارڈ اور لائسنس رجسٹریشن و دیگر ضروری دستاویزات جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

2- یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کل رقم ٹھیکہ کا 15% پندرہ فیصد زر پیشگی اور پانچ فیصد زر ضمانت اگلے دو یوم کے اندر دفتر اوقات کار تک جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ جس میں 15% پندرہ فیصد زر پیشگی کی مجرائی ٹھیکہ کی آخری قسط میں کی جائیگی مزید 5% پانچ فیصد زر ضمانت کی واپسی، حساب کتاب کی بے باکی کے بعد کی جائیگی زر ضمانت و زر پیشگی بروقت جمع نہ کرنے کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کی بولی منسوخ کی جائیگی اور کال ڈیپازٹ بحق سرکار ضبط کی جائیگی۔ مزید برآں صوبائی حکومت (لوکل کونسل بورڈ) کو پہلے جمع شدہ سیکیورٹی ضبط کرنے کی سفارش بھی کی جائے گی اور ٹھیکہ دوسرے نمبر پر سب سے زیادہ بولی دینے والے کو کامیاب بولی دہندہ کی قیمت پر پیش کی جائیگی۔

3- یہ کہ جو فیس سالانہ وصول ہوتی ہے (ایڈورٹائزمنٹ فیس) کے لیے کامیاب بولی دہندہ کل رقم کا 50% رقم بطور زر پیشگی اور زر ضمانت اگلے دو یوم کے اندر اندر دفتری اوقات کار میں جمع کروانے کا پابند ہوگا اور باقی 50% فیصد رقم تین مساوی اقساط پہلے تین مہینوں یعنی جولائی، اگست اور ستمبر میں جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

4- یہ کہ کسی بھی بلدیاتی ادارے کا بقایادار / فرم نیلامی میں حصہ لینے کا اہل نہیں ہوگا۔

5- یہ کہ ٹھیکہ کی رقم کی علاوہ کامیاب بولی دہندہ حکومت کی طرف سے منظور شدہ شرح کے مطابق فیس وصول کریگا اور لاگو شدہ انکم ٹیکس شق نمبر 236-A فنانس ایکٹ 2018ء کے تحت کامیاب بولی دہندہ کی رقم کے علاوہ مقررہ شرح کے حساب سے جمع کرنے کا پابند ہوگا اور اگر اسی دوران ٹھیکہ صوبائی یا مرکزی حکومت کی طرف سے مزید کسی قسم کا ٹیکس نافذ کیا گیا تو کامیاب بولی دہندہ اسی شرح کے مطابق ٹیکس جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

6- یہ کہ کنزروینسی فیس کے لیے کامیاب بولی دہندہ دو عدد پانی کے ٹینکر کا بندوبست کریگا تا کہ پشاور ہائیکورٹ کے احکامات کے مطابق مذکورہ علاقے / سڑکوں پر روزانہ کی بنیاد پر پانی کے چھڑکاؤ کا اہتمام کریگا اور ان واٹر ٹینکرز کے ذریعے ٹی ایم اے بڈھ بیر کی جانب سے لگائے گئے پودوں کو پانی فراہم کرنے کا پابند ہوگا ٹینکرز کے دستاویزات زر بیعانہ اور زر پیشگی کے ساتھ جمع کروانے ہونگے بصورت دیگر ٹھیکہ منسوخ کیا جائیگا۔

7- یہ کہ ٹھیکہ کنزروینسی فیس کے لیے کامیاب بولی دہندہ روڈ کے ساتھ ہر کولیکشن پوائنٹس کے قیام کے لیے ۳ سے ۴ کنال اراضی (ذاتی یا کرایہ پر) کا بندوبست خود کریگا اور مین روڈ پر وصولی نہیں کریگا۔

8- یہ پارکنگ سٹینڈ فیس تتی کے لیے بولی دہندہ کے پاس کم از کم ۲ کنال اراضی دستیاب ہونی چاہیے اور اس کے دستاویزات زر پیشگی و زر ضمانت کے ساتھ جمع کروانے ہونگے۔

9- یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کا قبضہ اس وقت تک نہیں دیا جائیگا جب تک اس نے کل رقم ٹھیکہ کا زر پیشگی اور زر ضمانت داخل خزانہ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، بڈھ بیر پشاور نہ کیا ہو۔

10- یہ کہ دوران آن لائن بولی غیر معمولی / غیر حقیقی بولی دینے والے ٹھیکہ دار کی وجہ سے تاخیر کے سبب مذکورہ ٹھیکہ کی محکمانہ وصولی میں نقصان کی رقم کے ساتھ ساتھ اشتہارات چارجز کی رقم بھی وصول کی جائیگی!

11- یہ کہ مجاز اتھارٹی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ معقول وجوہات کی بناء پر کسی ایک یا تمام بولی کو مسترد کرے۔

12- یہ کہ ٹھیکہ دار لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا کی طرف سے آن لائن نیلامی کی شرائط و ضوابط برائے مالی سال 27-2026 اور مندرجہ بالا مذکورہ شرائط پر عمل نہ کرنے کی صورت میں کال ڈیپازٹ بحق تحصیل بڈھ بیر ضبط کر دیا جائیگا اور صوبائی حکومت (لوکل کونسل بورڈ) خیبر پختونخوا سے جمع شدہ سیکیورٹی ضبط کرنے اور بلیک لسٹ کرنے کی سفارش کی جائیگی۔

المشتہر: تحصیل آفیسر (ریگولیشن) ٹی ایم اے، بڈھ بیر، پشاور

بحکم: تحصیل میونسپل آفیسر، ٹی۔ ایم۔ اے بڈھ بیر، پشاور

INF(P)2563-26 ZERO TOLERANCE TO CORRUPTION

# شرائط نیلامی

1) ٹھیکہ کنزرویٹنسی فیس ٹی ایم اے بڈھ بیر پشاور معیاد ٹھیکہ: از یکم جولائی 2026ء تا 30 جون 2027ء ہوگا۔

2) یہ کہ لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا یا کسی دوسرے بلدیاتی ادارے کا بقایادار/ نادہندہ E-Auction میں حصہ لینے کا اہل نہیں ہوگا اور اگر بعد از E-Auction کامیاب بولی دہندہ اگر مقروض ثابت ہوا تو اسکی بولی منسوخ اور زر بیعانہ بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، بڈھ بیر پشاور ضبط ہوگا۔

3) آن لائن نیلامی میں وہ حضرات/فرم جو سال 27-2026ء کیلئے لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخواہ پشاور کے ساتھ متعلقہ کلاس میں باقاعدہ رجسٹر ہو، مقررہ تاریخوں میں یعنی بروز پیر 22 جون 2026 صبح 09:00 سے لیکر بروز بدھ 24 جون 2026 کو سہ پہر 04:00 بجے تک آن لائن بولی (E-Auction) میں حصہ لے سکتے ہیں۔

4) یہ کہ نیلامی میں حصہ لینے سے پہلے بولی دہندہ مبلغ -/350,000 روپے کا کال ڈیپازٹ بحق ٹی ایم اے، بڈھ بیر پشاور جمع کرے گا اور نیلامی کی مقررہ کردہ تاریخوں میں آخری تاریخ سے دو دن قبل لوکل کونسل بورڈ/E-Baldia کی ویب سائٹ https://cfmis.lgkp.gov.pk پر اس کی تفصیل درج کریگا۔ ویب سائٹ پر دی گئی کال ڈیپازٹ سے متعلق تفصیلات غلط یا جعلی ثابت ہونے کی صورت میں بولی دہندہ بلیک لسٹ کیا جائیگا۔

5) آن لائن بولی کا ٹائم ختم ہونے کے بعد کامیاب بولی دہندہ اگلے دو دن کے اندر اندر دفتری اوقات کار کے دوران یعنی 25، 26 جون 2026ء کو مذکورہ کال ڈیپازٹ کے ہمراہ رجسٹریشن اور قومی شناختی کی مصدقہ نقول ریگولیشن برانچ، TMA بڈھ بیر پشاور میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ (مذکورہ تواریخ میں چھٹی ہونے کی صورت اگلے دن تصور ہونگے)

6) کامیاب بولی دہندہ آن لائن بولی کے مقرر کردہ وقت ختم ہونے کی اگلے دو دن کے اندر اندر (یعنی 25، 26 جون 2026ء) دفتری اوقات کار میں 5% زرضمانت اور 15% زر پیشگی دفتر ہذا میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ بصورت دیگر زر بیعانہ بحق سرکار ضبط کیا جائے گا اور کوئی بھی عذر قابل قبول نہیں ہوگا۔ (مذکورہ تواریخ میں چھٹی ہونے کی صورت اگلے دن تصور ہونگے)

7) کامیاب بولی دہندہ کو یکم جولائی 2026ء ٹھیکہ کا قبضہ دیا جائے گا اور اسکی پیش کردہ بولی کے مطابق یومیہ بنیادوں پر اس کی پیش کردہ بولی کی رقم بمعہ تمام حکومتی ٹیکسس ٹی ایم اے بڈھ بیر کے اکاؤنٹ میں جمع کرنا ہوگی، جو بعد از حتمی منظوری مہینے کے اختتام میں اقساط کی رقم سے منہا کیا جائے گا، یومیہ کی بنیاد پر وصول شدہ رقوم ماہانہ قسط سے کم پائے گئے تو کامیاب بولی دہندہ پورا کرنے کا پابند ہوگا۔

8) یہ کہ ٹھیکہ کنزرویٹنسی فیس کے لیے کامیاب بولی دہندہ دو عدد پانی کے ذاتی ٹینکرز کا بندوبست کرے گا جس کے ذریعے پشاور ہائی کورٹ کے احکامات کے مطابق مذکورہ علاقے/سڑکوں پر روزانہ کی بنیاد پر پانی کے چھڑکاؤ کا اہتمام کرے گا اور ان واٹر ٹینکرز کے ذریعے ٹی ایم اے بڈھ بیر کی جانب سے لگائے گئے پودوں کو پانی فراہم کرنے کا پابند ہوگا۔ چھڑکاؤ پر ہونے والے اخراجات کی مد میں کامیاب بولی دہندہ ٹی ایم اے بڈھ بیر سے کسی قسم کا معاوضہ طلب نہیں کریگا۔ ٹینکرز کے دستاویزات، زر بیعانہ اور زر پیشگی کے ساتھ جمع کروانے ہونگے بصورت دیگر ٹھیکہ منسوخ کیا جائے گا مزید یہ کہ روزانہ کی بنیاد پر پانی کے چھڑکاؤ میں ناکامی کی صورت میں ٹھیکہ مذکورہ منسوخ کیا جائے گا اور جمع شدہ رقوم بحق سرکار ضبط کی جائے گی۔

9) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کے لیے یہ لازم ہے کہ اس کے پاس مین روڈ پر کولیکشن پوائنٹس (collection points) کے لئے کم از کم تین سے چار کنال اراضی اپنی ذاتی یا کرایہ / لیز (Lease) پر موجود ہو، اور اسکے کاغذات کامیاب بولی دہندہ کو زر بیعانہ اور زر پیشگی کے ساتھ دفتر ٹی ایم اے بڈھ بیر میں جمع کرانا لازمی ہوگا، ناکامی کی صورت میں بولی منسوخ تصور ہوگی اور جمع شدہ رقوم بحق دفتر ھذا ضبط کر کے نقصان کا تخمینہ کامیاب بولی دہندہ سے وصول کی جائے گی۔ مذکورہ اراضی کی مد میں کامیاب بولی دہندہ ٹی ایم اے بڈھ بیر سے کسی قسم کا معاوضہ /کرایہ طلب نہیں کریگا۔

10) کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کی منظوری کے سات (7) یوم کے اندر اندر اپنے خرچے پر ٹی ایم اے بڈھ بیر پشاور کے ساتھ اقرار نامہ (Agreement) تحریر کرے گا، مزید یہ کہ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کے برابر رقم کی جائیداد رکھنے والے دو (2) معزز افراد کی تحریری گارنٹی پیش کرے گا، جو فرسٹ کلاس مجسٹریٹ سے تصدیق شدہ ہو۔ اگر کامیاب بولی دہندہ نے سات یوم کے اندر اندر ٹی ایم اے بڈھ بیر پشاور کے ساتھ معاہدہ نامہ/Agreement تحریر نہ کیا تو بولی منسوخ تصور ہوگا اور کال ڈیپازٹ بحق ٹی ایم اے بڈھ بیر پشاور ضبط کیا جائے گا۔

11) کامیاب بولی دہندہ مروجہ قانون اور موجودہ شرح کے مطابق انکم ٹیکس جمع کرے گا، اگر وفاقی یا صوبائی حکومت کی طرف سے انکم ٹیکس یا دیگر ٹیکسز کے بارے میں جو احکامات وقتاً فوقتاً موصول ہوئے یا ہوں گے تو ان کے مطابق کامیاب بولی دہندہ/ ٹھیکہ دار انکم ٹیکس اور دیگر واجب الادا ٹیکسز ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

12) کامیاب بولی دہندہ کنزرویٹنسی فیس کی وصولی تحصیل بڈھ بیر کے اندر صرف ان پوائنٹس (points) پر کرے گا جن کی منظوری ٹی ایم اے بڈھ بیر پشاور نے دی ہو۔ ان پوائنٹس کا کرایہ یوٹیلٹی بلز وغیرہ ٹھیکہ دار خود ادا کرے گا اور ٹی ایم اے بڈھ بیر پشاور سے کسی قسم کی کرایہ وغیرہ کا تقاضا نہیں کرے گا، کامیاب بولی دہندہ اس بات کا پابند ہوگا کہ ان پوائنٹس کی وجہ سے ٹریفک کی روانی میں کسی قسم کا خلل نہ ہو۔ مزید یہ کہ اگر ٹھیکہ دار الاٹ کردہ پوائنٹس کے علاوہ دوسرے پوائنٹس کھولنا چاہتا ہو تو اُس صورت میں TMA حکام سے اجازت لے گا۔

13) اگر کامیاب بولی دہندہ کو ٹی ایم اے عملہ کی ضرورت ہوئی تو بذریعہ درخواست طلب کرے گا اور اس کے ساتھ جو عملہ ڈیوٹی سرانجام دے گا ان کی تنخواہ ماہوار پنشن کنٹریبوشن، میڈیکل الاؤنس دنوں کی رخصتی تنخواہ اور دیگر مراعات رولز کے مطابق بذمہ کامیاب بولی دہندہ ہوگی اور مہینے کے اختتام سے تین دن پہلے ٹی ایم اے بڈھ بیر پشاور میں جمع کرنے کا پابند ہوگا، مزید یہ کہ ٹھیکہ دار اپنے نمائندوں کی فہرست بمعہ نقول قومی شناختی کارڈ ٹی ایم اے بڈھ بیر پشاور کو مہیا کرے گا۔

14) کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کے کل رقم کو 11 مساوی ماہانہ اقساط میں بمعہ انکم ٹیکس ہر مہینے کی آخری تاریخ تک ادا کریگا، اگر کامیاب بولی دہندہ مہینے کی 5 تاریخ تک ماہانہ قسط ادا کرنے میں ناکام رہا تو 6 تاریخ سے 10 تاریخ تک دو فیصد یومیہ کے حساب سے جرمانہ ادا کرے گا۔ بینک ڈرافٹ کی صورت میں 2 دن کی رعایت دی جائیگی، جبکہ ماہانہ اقساط میں چیک کی وصولی

CamScanner

نا قابل قبول ہوگی۔ اگر مہینے کی 10 تاریخ تک کامیاب بولی دہندہ نے قسط بمعہ جرمانہ ادا نہیں کیا تو اسی مہینے کی 15 تاریخ کو مروجہ پالیسی گائیڈ لائن کے تحت ٹھیکہ منسوخ کیا جائے گا۔
کامیاب بولی دہندہ کی زرضمانت اور زرپیشگی بحق ٹی ایم اے بڈھ بیر پشاور ضبط کی جائیگی اور ٹھیکہ میں کوئی نقصان ہوا تو ٹھیکہ دار کے ذاتی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے وصول کیا جائے گا، جس پر ٹھیکہ دار کو نہ کوئی اعتراض ہوگا اور نہ ہی عدالت سے رجوع کرے گا۔

15) کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کسی دوسرے شخص/فرم کے نام (Sublet) منتقل نہیں کرے گا۔ ایسا کرنے کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کیا جائے گا اور کامیاب بولی دہندہ کی نفع ونقصان (Risk & Cost) پر دوبارہ نیلامی کیلئے پیش کیا جائے گا۔

16) کامیاب بولی دہندہ Collection Points پر شرح نرخ واضح طور پر آویزاں کرنے کا پابند ہوگا۔ اگر کامیاب بولی دہندہ یا اس کا نمائندہ مقررہ شرح سے زیادہ وصولی کرتا پایا گیا تو ایسی صورت میں کامیاب بولی دہندہ پر گیارہ گنا جرمانہ عائد ہوگا اور حسب ضابطہ کاروائی بھی عمل میں لائی جائے گی اور اگر کامیاب بولی دہندہ بار بار ایسا کرنے میں ملوث پایا گیا تو کامیاب بولی دہندہ کی ذمہ داری پر ٹھیکہ منسوخ کر کے دوبارہ نیلامی کیلئے مشتہر کیا جائے گا۔

17) ٹھیکہ کنزروینسی فیس میں ترمیم وتنسیخ اور تجدید ومنظوری کا اختیار مجاز اتھارٹی، ٹی ایم اے بڈھ بیر پشاور یا حکومت خیبر پختونخواہ کو حاصل ہوگا۔ اس پر کامیاب بولی دہندہ کا کوئی اعتراض نہیں ہوگا اور نہ ہی عدالت میں چیلنج کرنیکا مجاز ہوگا۔ اسی طرح اگر دوران ٹھیکہ صوبائی حکومت نے شرح نرخ میں کسی قسم کا اضافہ کیا تو اس صورت میں زیادہ آمدن ٹی ایم اے بڈھ بیر پشاور کی ہوگی جس سے کامیاب بولی دہندہ کا کوئی سروکار نہیں ہوگا۔

18) کامیاب بولی دہندہ کو کنزروینسی فیس کے لئے رسید بک ٹی ایم اے بڈھ بیر پشاور کی طرف سے مہیا کیا جائیگا۔ رسید بک ٹی ایم اے بڈھ بیر پشاور کے اہلکار کے دستخط سے جاری ہوگا۔
کامیاب بولی دہندہ اپنی طرف سے کوئی بھی رسید چھپوا کر جاری نہیں کر سکے گا اور نہ ہی ان کا کوئی نمائندہ رسید جاری کرنے کا مجاز ہوگا۔ ختم شدہ رسید بک واپس ٹی ایم اے بڈھ بیر پشاور میں جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

19) کامیاب بولی دہندہ رسید بک چاک کرنے کے بعد ایک کاپی اپنے پاس محفوظ کرنے کا پابند ہوگا۔

20) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ نمایاں جگہ پر شکایات/اعتراضات بکس کی تنصیب کریگا تا کہ عوام کی جانب سے موصول ہونے شکایات کا بروقت ازالہ ہو سکے اور اس ریکارڈ کو محفوظ اور برقرار رکھا جا سکے۔

21) صوبائی حکومت کی طرف سے وقتاً فوقتاً جو بھی احکامات جاری ہوئے یا جاری ہوں گے تو دونوں فریق انکے پابند و ذمہ دار ہوں گے۔

22) اگر بدوران ٹھیکہ، کامیاب بولی دہندہ اور ٹی ایم اے بڈھ بیر پشاور کے انتظامیہ کے درمیان تنازعہ پیدا ہو جائے تو معاملہ ثالثی کیلئے ریجنل میونسپل آفیسر پشاور ریجن کو پیش کیا جائے گا، جسکا فیصلہ حتمی ہوگا، دونوں فریق ان کے پابند ہوں گے، بدوران تنازعہ اقساط کی ادائیگی بروقت کی جائیگی، اسطرح اگر بدوران ٹھیکہ، کامیاب بولی دہندہ اور عوام الناس کے درمیان کوئی مسئلہ پیش آیا تو وہ بھی ریجنل میونسپل آفیسر، پشاور ریجن کو پیش کیا جائے گا اور وہ اس پر فیصلہ کرے گا ٹھیکہ دار عدالت سے رجوع نہیں کریگا۔

23) کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کا چارج لینے کے بعد قانونی طور پر وصولی کا خود ذمہ دار ہوگا، اگر کامیاب بولی دہندہ وصولی کرنے میں ناکام رہا تو ٹی ایم اے بڈھ بیر پشاور یا حکومت ان کا ہرگز ذمہ دار نہیں ہوگا اور نہ ان کے ساتھ گفت وشنید کی جائیگی اس کے علاوہ کسی بھی ناگہانی آفت وغیرہ کی صورت میں اگر کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ حوالہ کرنے سے پہلے یا بدوران ٹھیکہ کوئی نقصان ہوا تو وہ کسی قسم کی معافی (Remmission) ٹی ایم اے بڈھ بیر پشاور سے لینے کا حقدار نہیں ہوگا۔

24) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ بقایادار (Defaulter) ہونے کی صورت واجب الادا رقم بذریعہ لینڈ ریونیو ایکٹ وصول کی جائیگی۔

25) صوبائی حکومت کی طرف سے لاگو شدہ شرائط وضوابط بحوالہ انگریزی چٹھی نمبر: No.AO.II/LCB/6-11/2026 مورخہ: 07/05/2026 از آمد لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخواہ بابت شرائط وضوابط ٹھیکہ جات برائے سال 2026-27ء کی پابندی کامیاب بولی دہندہ پر لازمی ہوگی اور خلاف ورزی کی صورت میں نوٹس جاری کیا جائیگا۔ جس کو فوری طور درست کرنا کامیاب بولی دہندہ کا فرائض منصبی ہوگا اور عدم تعمیل کی صورت میں ٹھیکہ باقی ماندہ میعاد کے لئے کامیاب بولی دہندہ کے (Risk & Cost) پر منسوخ کر کے زرضمانت ضبط کی جائے گی اور صوبائی حکومت کو رجسٹریشن منسوخ کرنے اور بلیک لسٹ کرنے کے لئے چھٹی ارسال کی جائیگی۔

26) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ بولی دینے سے پہلے شرائط پڑھ اور سمجھ لی ہیں اور ان کی پابندی کی جائے گی اور کامیاب بولی دہندہ مذکورہ بالا شرائط پر عمل نہ کرنے کی صورت میں کال ڈیپازٹ بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بڈھ بیر ضبط کر دیا جائیگا اور صوبائی حکومت (لوکل کونسل بورڈ) خیبر پختونخوا سے جمع شدہ سیکورٹی ضبط کرنے اور بلیک لسٹ کرنے کی سفارش کی جائے گی۔

تحصیل آفیسر (ریگولیشن)
ٹی۔ایم۔اے، بڈھ بیر پشاور

تحصیل میونسپل آفیسر
ٹی۔ایم۔اے، بڈھ بیر پشاور